رجسٹرڈ ایل نمبر ۸۳۵

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ ۔ عَسٰۤى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

تار کا پتہ "الفضل قادیان"

روزنامہ

الفضل قادیان

THE DAILY
ALFAZL, QADIAN

ایڈیٹر۔ غلام نبی

قیمت دو پیسے

جلد ۲۳	مورخہ ۱۵ ذیقعدہ ۱۳۵۴ھ	یوم پنجشنبہ	مطابق ۹ فروری ۱۹۳۶ء	نمبر ۱۸۵

احرار اور اُن کے ہمنواؤں کی انتہائی بے حیائی اور کمینگی

معاندین کا مظاہرہ بداخلاقی جماعت احمدیہ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا

احرار اور ان کے ہمنوا آج کل جماعت احمدیہ کے خلاف جس کمینگی۔ رذالت اور فحش گوئی سے کام لے رہے ہیں۔ اسے دیکھ کر ہر شریف انسان یہ کہنے پر مجبور ہوگا۔ کہ انسانیت اور شرافت کا ایک ذرہ بھی ان لوگوں میں باقی نہیں رہا۔ کیونکہ یہ مختلف مقامات میں تقریروں کے علاوہ "ترجمانِ احرار" "مجاہد" اور "احسان" میں مجسم بے شرمی و بے حیائی بن کر رونما ہو رہے ہیں:۔

جیسا کہ ہم نے ایک گزشتہ پرچہ میں بتایا ہے۔ بقول چودھری افضل حق "دشمن جب مقابلہ سے عاجز آجاتا ہے۔ تو جھوٹے پروپاگنڈا پر اتر آتا ہے"۔ احرار جماعت احمدیہ کے مقابلہ میں جھوٹے پروپیگنڈے کے ساتھ ہی بے حیائی کے پروپیگنڈے پر بھی اتر آئے ہیں۔ اور ہر روز ایسی ایسی خرافات گھڑ کر شائع کر رہے ہیں۔ جو محض ان کے خبث باطن۔ اور ان کی گندہ فطرت کا نتیجہ ہیں اور جن کی عفونت کو کوئی شریف انسان ایک لمحہ کے لئے بھی برداشت نہیں کر سکتا جتنی کہ

وہ لوگ جو جماعت احمدیہ سے عداوت۔ اور عناد رکھنے میں ان کے شریک کار ہیں۔ اور جو ان کی اچھالی ہوئی غلاظت کو سونگھنے میں مسرت محسوس کرتے ہیں۔ ان پر اگر کوئی ایک آدھ چھینٹا بھی پڑ جائے۔ تو بلبلا اٹھتے ہیں۔ اور لنگر لنگوٹے کس کر اینٹ کا جواب پتھر سے دینے لگ جاتے ہیں:۔

اس بارے میں ہم احرار کی طرف ایک تحریر معہ "ارکان ادارۂ احسان" کی چیخ و پکار کے اس لئے پیش کرنا چاہتے ہیں کہ وہ لوگ جو شرافت کو قابل قدر جوہر سمجھتے ہیں۔ جو کمینگی اور رذالت سے نفرت رکھتے ہیں۔ اور جو فحش گوئی۔ اور فحش کلامی کو ناقابل برداشت قرار دیتے ہیں۔ وہ غور کریں۔ کہ احرار ان تمام حدود کو کس بے باکی سے عبور کر چکے ہیں۔ اور کس طرح کھلم کھلا بے حیائی اور بے شرمی سے کام لے کر لوگوں کے اخلاق تباہ کر رہے ہیں:۔

۶ر فروری کے "مجاہد" نے "آقائے مرتضٰی احمد خان افغان کا مرزائیوں کو دندان شکن جواب" کے عنوان سے ایک سرتاپا جھوٹ اور محض افترا شائع کرتے ہوئے لکھا ہے:۔

"بیان کیا جاتا ہے۔ کہ جب آقائے مرتضٰی احمد خان نے ۲۵ر جنوری کے احسان میں "بریدِ قادیان" کے عنوان سے ایک نوٹ شائع کیا تو مرزائیوں کو اس سے بے حد تکلیف ہوئی۔ اور کہنے لگے۔ کہ ہم نے تو بڑی کوششوں سے دفتر احسان میں "ہوحق" وغیرہ کے ذریعہ یہ انتظام کیا تھا۔ کہ ریفارم لیگ کی خبریں۔ اور ان کی کارروائیاں احسان میں شائع نہ ہونے پائیں اور جب کوئی مراسلہ ریفارم لیگ کا آئے۔ تو اس کو نیشنل لیگ میں پہنچا یا جائے۔ مگر اب پھر خان کابلی کے یارِ وفادار مرتضٰی احمد خان رخصت ختم کر کے دفتر میں آگئے ہیں۔ اور اب پھر ہماری وُہی گت احسان کے ذریعہ ہوا کریگی جو پہلے ہوا کرتی تھی اس سلسلے میں ایک روایت یہ بھی سنی گئی ہے کہ مرزائیوں نے آقائے مرتضٰی احمد خاں صاحب پر ڈورے ڈالنے شروع کئے۔ اور کہا۔ کہ خدا کے لئے بریدِ قادیان اور احمدیہ ریفارم لیگ کی خبریں شائع فرمایا کریں۔ مگر آقائے موصوف نے جواب دیا۔ کہ میری غیر حاضری میں جو کچھ ہوا۔ اور جس قدر تم لوگوں نے فائدہ اٹھایا اسی کو کافی سمجھو۔ مجھ سے یہ امید مت رکھو۔ کہ میں ریفارم لیگ کے ارکان اور اپنے برادر افغانی خان کابلی سے غداری کر لوں گا۔ البتہ ایک صورت سے برید قادیان اور ریفارم لیگ کی کارروائیاں نہیں شائع ہو سکتی ہیں۔ کہ مرزا محمود مجھے "مستورات" کے بورڈنگ میں یا اس لائبریری میں ایک رات کے لئے مہمان کی حیثیت سے مجھے ٹھیرائیں۔ جس کے متعلق بعض غالی مرزائیوں نے روایت کی ہے۔ کہ اس میں لائبریرین "مستورات" مقرر کی گئی ہیں"۔

ان سطور میں جہاں "احسان" والوں پر بالواسطہ یہ الزام لگایا گیا ہے کہ انہوں نے کسی احمدی سے ساز باز کر کے نہ صرف ریفارم لیگ کی خبریں وغیرہ شائع کرنے سے انکار کر دیا۔ بلکہ جب کوئی مراسلہ ریفارم لیگ کا آتا۔ تو اسے نیشنل لیگ میں پہنچا دیتے۔ وہاں مدیر و سرِ دبیر احسان کے اپنے منہ سے وہ اوباشانہ اور بے شرمانہ الفاظ کہلائے گئے ہیں جنہیں کوئی شریف انسان گوارا نہیں کر سکتا۔ لیکن اس کے جواب میں "ارکان ادارۂ احسان" نے بعنوان "مجاہد کے مراسلہ نگار کا خبث باطن" جو کچھ لکھا ہے وہ یہ ہے:۔ "خداوندان دکار پردازان روزنامہ "مجاہد" کے دلوں میں ادارۂ "احسان" کے خلاف جو زہر آلود جذبۂ خصومت بھرا پڑا ہے۔ اس کی ایک ادنٰی مثال وہ مراسلہ ہے۔ جو ۶ر فروری کے "مجاہد" میں کوائف قادیان" کے زیر عنوان "نامہ نگار خصوصی قادیان" کی طرف سے شائع کیا گیا ہے اور جس میں دیگر خرافات واہیہ کے علاوہ ارکان "ادارۂ احسان" پر بہ انتشائے مدیر اعلیٰ یہ الزام لگانے کی بالواسطہ سعی کی گئی ہے۔ کہ اول الذکر اشخاص مرزائیت کے معاملہ میں منافقانہ رواداری کے مرتکب بھی ہو سکتے ہیں"۔

اور اسی امکان کا اصلی نتیجہ یہ تھا۔ کہ آقائے مرتضیٰ احمد خاں مدیر اعلےٰ کی عدم موجودگی میں بعض تحریصات نے ادارہ "احسان" کو ریفارم لیگ کی خبریں اور مراسلات شائع کرنے سے باز رکھا۔ نعوذ باللہ من ذالک

ہم ارکان ادارہ "احسان" معاصر "مجاہد" پر واضح کرنا اپنا اخلاقی اور دینی فرض سمجھتے ہیں۔ کہ فتنہ مرزائیت کے خلاف ہماری جہد استیصال بدستور سابق محکم ہے۔ اور خلافت قادیان کے خلاف ہمارا عقیدہ مثل ما دام اسنواؔر "احسان" کے فائل شاہد ہیں۔ کہ ہم نے کسی زمانہ میں بھی دجل قادیان کی تکذیب و تردید میں بخل سے کام نہیں لیا۔ اور لیتے بھی کیونکر جب کہ ہم اس کام کو خالصۃً فی سبیل اللہ اور اپنے عقائد کی پختگی کی بناء پر انجام دے رہے ہیں۔ مخالفت قادیان کے معاملہ میں "مجاہد" والوں کے پیش نظر شخصی وجاہت و وقار کے برقرار رکھنے کی غرض ہو سکتی ہے۔ لیکن "احسان" والے اس قسم کی آلائشوں سے بالاتر ہیں۔

"مجاہد" کے مذکورہ بالا مراسلہ میں ہر چند آقائے مرتضیٰ احمد خاں کو پاس قادیان سے مستثنیٰ کیا گیا ہے۔ لیکن اس استثناء کے باوجود یہ بدگمانی پیدا کرنے کی مذموم کوشش کی گئی ہے۔ کہ خدانخواستہ قادیان کی معتوبات اپنی عشوہ طرازیوں سے آقائے موصوف کے اعتقاد راسخ کو متزلزل کر سکتی ہیں۔

ہم "مجاہد" والوں کے اس خبث باطن پر اظہار نفرت کرتے ہوئے یہ اعلان کرنا مناسب خیال کرتے ہیں۔ کہ قصر خلافت قادیان کی ثروت و حشمت اور وہاں کی زاہد فریب مستورات مرتضیٰ احمد خاں اور ان کے رفقائے کار کے ایمان کا بال تک بیکا نہیں کر سکتیں ہمارا "البرز شکن گرز" تا دم آخر قادیانیت کے دجل و کفر کو ریزہ ریزہ کرنے کے لئے معروف عمل رہے گا۔

آخر میں ہم "خداوندان مجاہد" کی خدمت میں عرض کریں گے۔ کہ اگر وہ ادارہ احسان سے کسی قسم کی پیکار کا ارادہ رکھتے ہیں۔ تو بے معنی نوک جھونک اور در پردہ سب و شتم کو چھوڑ کر کھلے طور پر سامنے آئیں۔ اور بخت آزمائی کے لئے جو میدان چاہیں تجویز کر لیں۔ ہم خدمت مقابلہ کے لئے حاضر ہیں ؎

تو تیر آزما ہم جگر آزمائیں"

اس "شذرہ" میں اس بات کی تردید کرنے کے لئے تو بہت کچھ ہاتھ پاؤں مارے گئے ہیں۔ کہ ارکان دارۂ "احسان" نے کسی سے کوئی سمجھوتہ کیا۔ لیکن بداخلاقی اور بے حیائی کا جو الزام "مدیر سر دبیر" کی ذات پر لگایا گیا۔ اس کی تردید نہیں کی گئی۔ بلکہ ایسا رنگ اختیار کیا گیا ہے۔ جو سراسر اوباشانہ ہے۔ اور جس سے "ارکان ادارہ احسان" پر بے حیائی اور بے شرمی ماتم کرتی ہوئی نظر آ رہی ہے۔

ہمارے یہ کمینے اور بے حیا مخالف سمجھتے ہیں۔ کہ شرم و حیا کو بالائے طاق رکھ کر انہوں نے ہمارے خلاف جو ذلیل ترین طریق عمل اختیار کر رکھا ہے۔ اس سے وہ ہمیں نقصان پہنچا سکیں گے لیکن حقیقت یہ ہے کہ وہ ہمیں نقصان پہنچانے کی بجائے اپنے خبث باطن کا اظہار کر رہے اور اپنے اخلاق کی لاش کے لئے اپنے ہاتھوں تابوت تیار کر رہے ہیں۔ اگر ان بدفطرت اور بے حیا لوگوں کو معلوم نہیں۔ تو اب سن لیں۔ کہ رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وقت بھی ایسے بدکردار اور خبیث الفطرت لوگ موجود تھے۔ جو مومنات کے نام لے لے کر ان سے اپنے باحیانہ تعلقات کا اعلان کیا کرتے تھے۔ حتیٰ کہ امہات المومنین رضی اللہ عنہم کی ذات ستودہ صفات بھی ان اوباشوں اور بے حیاؤں کی فحش کلامی کی زد سے نہ بچ سکی۔ لیکن کیا اس سے مومنات یا امہات المومنین رضی اللہ عنہم پر کوئی حرف آیا۔ قطعاً نہیں اسی طرح آج جو لوگ جماعت احمدیہ کی پاک دامن خواتین پر محض خبث باطن کی وجہ سے اتہام لگاتے۔ اور ان کی طرف گندے اور ناپاک خیالات منسوب کرتے ہیں۔ وہ اپنا ہی نامۂ اعمال سیاہ کر رہے۔ اپنی ہی گندی فطرت کا اظہار کر رہے۔ اور اپنی ہی اخلاقی موت کا اعلان کر رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی وہ احمدیوں کو تو رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام کے مثیل قرار دے رہے ہیں۔ اور اپنے آپ کو ان بدقماش اور بد افعال لوگوں کے مثیل بنا رہے ہیں۔ جنہوں نے مومنات اور امہات المومنین کے خلاف بکواس کر کے دنیا میں اپنے لئے ذلت اور رسوائی خریدی۔ اور آخرت کے لئے بھڑکتی ہوئی جہنم تیار کی۔ یہ ہیں وہ لوگ جو جماعت احمدیہ کو مٹا دینے اور احمدیت کو نابود کر دینے کے لئے اٹھے ہیں۔ مگر ہم تو کیا کوئی احمدیت سے تعلق نہ رکھنے والا بھی شریف [illegible]

خدا کے فضل سے جماعت احمدیہ کی روز افزوں ترقی

۴ فروری سے ۷ فروری ۱۹۳۶ء تک بیعت کرنیوالوں کے نام

ذیل کے اصحاب دستی حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ کے ہاتھ پر بیعت کر کے داخل احمدیت ہوئے

نمبر	نام	مقام	نمبر	نام	مقام
۱	عبد الغنی صاحب ستوطن	ضلع گوجرانوالہ	۱۱	مستری علی محمد صاحب	ضلع نوابشاہ سندھ
۲	شریف اللہ صاحب "	امرتسر	۱۲	جلال الدین صاحب	" "
۳	محمد شفیع صاحب "	سہارنپور	۱۳	خداداد صاحب	" "
۴	کبیر دائیں صاحب	کشمیر	۱۴	عبد الحمید صاحب نومسلم	" "
۵	اہلیہ محمد حسین خانصاحب	سکھر	۱۵	عنایتاں صاحبہ اہلیہ	" " " "
۶	میر محمد صاحب	ضلع نواب شاہ سندھ	۱۶	دین احمد صاحب پسر	" " " "
۷	گل بشر صاحب	" "	۱۷	عائشہ صاحبہ دختر	" " " "
۸	رانشیم بی بی صاحبہ	" "	۱۸	علی حسن صاحب	سندھ
۹	عبد الرحیم صاحب	" "	۱۹	اختر علی صاحب	نواب شاہ "
۱۰	علی محمد صاحب ولد کریم بخش صاحب	" "	۲۰	گل محمد صاحب	" "
			۲۱	موسےٰ صاحب	" "

ریتی چھلہ کے متعلق مجسٹریٹ علاقہ کا حکم معطل ہو گیا

قادیان ۷ ر فروری ریتی چھلہ کے احاطہ کے متعلق مسٹر سی ایل۔ کوٹس مجسٹریٹ علاقہ بٹالہ نے ایسی حالت میں کہ اس احاطہ کے متعلق مقدمہ ان کی عدالت میں زیر سماعت ہے۔ ۳۱ر جنوری کو زیر دفعہ ۱۴۲ مختار صدر انجمن احمدیہ کو یہ نوٹس دیا تھا۔ کہ احاطہ کے جو دروازے تار سے بند ہیں۔ انہیں فوراً اور جو اینٹوں سے بند ہیں انہیں ایک ہفتہ کے اندر اندر کھول دیا جائے۔ اس حکم کے خلاف نگرانی کے لئے اس کے فیصلہ کی مصدقہ نقل کی ضرورت تھی۔ جسے جلد سے جلد حاصل کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کی گئی۔ مگر وہ بالکل آخری وقت میں ملی۔ اور ۶ر فروری کو سشن جج گورداسپور کی عدالت میں ایک تو اس حکم کے خلاف نگرانی کی درخواست دی گئی۔ اور دوسری درخواست علاقہ مجسٹریٹ کے اس حکم کو ۷ر فروری تک دروازے کھول دیئے جائیں معطل کرنے کے متعلق پیش کی گئی۔ آج گورداسپور سے اطلاع موصول ہوئی ہے۔ کہ سشن جج گورداسپور نے اس حکم کو معطل کر دیا ہے۔ اور ۱۰ فروری درخواست نگرانی کی سماعت کے لئے مقرر کی ہے۔

"ترجمان احرار" کی ایک غلط بیانی کی تردید

سندھ کو تشریف لے جاتے ہوئے جب حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ خانپور کے سٹیشن پر پہونچے۔ تو یہاں کی جماعت احمدیہ حضور کی زیارت کے لئے ریلوے سٹیشن پر موجود تھی۔ ملاقات کرنے والوں میں برکت علی صاحب ولد عمر الدین خانصاحب سکنہ خانپور بھی تھے۔ جنہوں نے نہایت اخلاص کے ساتھ حضور سے مصافحہ کیا۔ اور عرض کیا کہ میرے متعلق جو کچھ احرار کے اخبار مجاہد میں لکھا گیا ہے وہ بالکل جھوٹ ہے۔ اور انہوں نے حسب ذیل بیان لکھایا۔

میں خداتعالےٰ کو حاضر ناظر جان کر کہتا ہوں۔ کہ میں خداتعالےٰ کے فضل سے احمدی ہوں۔ احرار نے میرے متعلق جو مجاہد میں لکھا ہے وہ بالکل جھوٹ ہے۔ خاکسار برکت علی ولد عمر دین جالی خانپور گواہ محمد دین ولد امیر الدین سکنہ [illegible]

عیسائیت کا ترقی کے بعد زوال

(۱)

موجودہ صدی کے اوائل میں علوم متفرقہ کی ترقیات مسلسل اور اصولِ اخلاق کی بہترین تجدید نے دنیائے عیسائیت کے عقائد میں وہ انقلاب برپا کیا ہے۔ کہ جس کی مثال تاریخ مذاہب میں بالکل مفقود ہے۔ کہاں تو اٹھارویں صدی اور اس سے بھی قریب تر زمانہ تک پیروانِ یسوع کی ذہنی حالت یہ تھی۔ کہ غیر معقول اصُول پر نہ صرف مطمئن تھے۔ بلکہ ان کی نفسیاتی زندگی میں توازن اس طور پر قائم تھا۔ کہ انہیں کبھی خواب میں بھی) ان مسائل کے بطلان کے متعلق خیال نہ گزرا تھا۔ کہاں اب یہ حالت ہے۔ کہ تازہ سائنٹیفک ایجادات اور انکشافات کی روشنی میں نہ صرف ان کا نفسیاتی توازن اور اطمینانِ قلب زائل ہو چکا ہے۔ بلکہ اب اس سستی کی جگہ غور و فکر اور تدبر نے لے لی ہے۔ اور اسی غور و فکر نے تحقیق اور جستجوئے حق کے ساتھ مل کر عیسائیت کی سر بفلک عمارت کو ریزہ ریزہ کر دیا ہے۔ کیونکہ جب اصولِ عیسائیت کو صداقت کے پیمانہ پر ماپا گیا۔ تو وہ نہایت کمزور ثابت ہُوئے۔ یہاں تک کہ یورپ کے مقتدایانِ مذہب نے سیاسی راہنماؤں کے اس نظریہ کے ساتھ کامل اتفاق کیا۔ کہ عیسائیت بلا شبہ فرسودہ ذہنیت کی یادگار ہے۔ اور اس کے سوا کچھ نہیں۔ یہ نئے خیالات صرف عوام الناس تک ہی محدود نہیں۔ بلکہ مشاہیر یورپ نے بھی عیسائیت کے عقائد پر سخت نکتہ چینی کی ہے۔ ان میں سے چند ایک یہ ہیں۔ سر آلیور لاج۔ ڈین انگ۔ بشپ آوف برمنگھم۔ ڈاکٹر برٹرینڈ رسل۔ مسٹر ایچ جی ویل۔ برنارڈ شا۔ اور ہیو وال پول۔ کچھ لوگ ان میں سے اعلےٰ پایہ کے ادیب ہیں۔ اور کچھ فلسفۂ عتیق وجدید کے ماہرین۔ اور بعض لیڈرانِ مذاہب۔ اور یہ نکتہ زنی انہی پر ختم نہیں۔ بلکہ وہ مایۂ ناز ہستیاں پیش کی جا سکتی ہیں۔ جو یورپ و امریکہ کے لئے باعثِ فخر ہیں۔ اور جنہوں نے ان خیالاتِ فاسدہ کو جن میں ان کے آباء و اجداد مبتلا تھے۔ ٹھکرا دینے میں ہرگز تامل سے کام نہیں لیا:

یہ امر مغرب کی بدلی ہوئی ذہنیت کو پیش کرنے سے خوب واضح ہو جائے گا کہ کفارہ اور تثلیث عیسائیت کے محور ہیں۔ جن کے گرد اگرد عیسائی علم الٰہیات کا نظام گردش کرتا ہے۔ مگر اب کوئی مغرب میں اگر چراغ لے کے بھی ڈھونڈے۔ تو اسے کوئی ایسا معقول انسان نظر نہیں آئے گا۔ جس کا ان عقائد پر اسی رنگ میں۔ اور انہی معنوں میں ایمان ہو جن معنوں میں پوپ گریگری۔ آگسٹن لوتھر۔ لیٹیمر۔ کرنیمر۔ اور رڈلے جیسی ہستیوں کا ایمان تھا۔ اسی طرح متقدمین کے دیگر نظریات مثلاً مسیح کا جسمانی رفع اور بائیبل کا خطا و سہو سے مبرا ہونا بھی نقادانِ زمانہ حاضرہ کی تنقید کا سختی سے نشانہ بنے ہوئے ہیں۔ اسی طرح بائیبل کی تعلیم دوزخ کی کیفیات کے متعلق اتنی کریہہ المنظر اور دُور از قیاس و عقل ہے۔ کہ مدبرانِ یورپ اس کے وجود سے ہی منکر ہو بیٹھے ہیں:

مختصراً یہ کہ اصولِ عیسائیت میں سے شاذ ہی کوئی ایسا ہو جس کو پیروانِ یسوع نے عملی طور پر اب ترک نہ کر دیا ہو۔ مگر ان سب عقائد سے بڑھ کر جسے دُور از عقل قرار دیا گیا ہے۔ وہ الوہیت مسیح کا عقیدہ ہے۔ اور اس کی وجہ یہ ہے۔ کہ ایک انسان کو جو باقی انسانوں سے کسی صورت میں افضل و برتر نہیں یہ عروج دینا۔ کہ گویا وہ خدا ہے۔ عقلِ انسانی کی تحقیر و تذلیل کرنا ہے۔ اناجیل میں مسیح کے جو حالاتِ زندگی درج ہیں۔ ان سے اس کی کمزوری و بے چارگی ثابت ہے۔ اور یہ امر سخت حیران کن ہے۔ کہ باوجود ان بیانات کے الوہیت مسیح کا عقیدہ کس طرح پیدا ہو گیا۔ اور پھر ایسا بے دلیل اصُول اتنی صدیاں ایمان کا مرکز کیسے بنا رہا۔ اس سوال کا جواب اس وقت درکار نہیں۔ ہاں ان امور سے یہ بات بدیہی طور پر معلوم ہو گئی۔ کہ عوام الناس کسی حد تک ضعیف الرائے اور سریع الاعتقاد واقع ہوئے ہیں۔ اور یہ کہ پال کی طرح ذرہ بھر جاذبیت رکھنے والا انسان باقی لوگوں کے نفوس پر اپنے فلسفۂ خیالات کا اثر ڈال سکتا ہے۔ اور کہ وُہی اثر آئندہ آنے والی نسلوں کے اذہان میں صدیوں تک متمکن رہ سکتا ہے:

اس دَور کی مذہبی تحقیقات نے واضح کر دیا ہے۔ کہ موجودہ عیسائیت قدیمی بُت پرستی اور شرک کا ہی عکس ہے۔ کیونکہ مسیح کے حالاتِ زندگی اور اقوالِ زریں میں جو اناجیل اربعہ میں درج ہیں۔ ہمیں کوئی ایسی بات نہیں ملتی جس کی بنا پر اناجیل مذکورہ کو اس باطل عقیدہ کا ماخذ قرار دیا جا سکے۔ شاید یہی وجہ ہے۔ کہ اقوامِ مغرب نے اس عقیدہ کے متعلق بغاوت شروع کر دی ہے۔ اور لطف یہ ہے کہ اس کے خلاف موجودہ جنگ اتنی ہی سرگرمی سے شروع ہے۔ کہ جتنی شدت کہ ابتدا میں اس کی تائید کے متعلق تھی۔ اور اس پر طرہ یہ ہے۔ کہ جن ملکوں کے باشندے اس خیال پر جان تک نثار کرنے کو تیار تھے۔ وہی اب اس کے جانی دُشمن ہیں۔ اب کلیسیائی اداروں میں جو عقیدہ پرورش پا رہا ہے۔ اور جس کو عام عیسائی جوق در جوق قبول کر رہے ہیں وہ یہ ہے۔ کہ "مسیح نے اناجیل میں ہرگز دعوےٰ نہیں کیا۔ کہ وہ جسمانی معنوں میں ابن اللہ ہے۔ جیسا کہ عام طور پر اس کے بن باپ ہونے سے نتیجہ نکالا جاتا ہے۔ اور نہ ہی اس نے کبھی فلسفہ کے معنوں میں ابن اللہ ہونے کا دعوےٰ کیا۔ حقیقت یہ ہے۔ کہ اس نے صرف عام فہم معنوں میں اسے اپنے لئے روا سمجھا یعنی جس طرح باقی نفوس روحانی وابستگی کے مفہوم میں خدا کے بیٹے کہلانے کے حق دار ہیں"۔

اب تو یہ خیال شمالی یورپ کے ہر خاص و عام نے قبول کر لیا ہے۔ مگر اول اول جس ہستی نے اس کا اظہار کیا۔ وہ پروفیسر اڈولف ہارنیک اور ایرنیسٹ رینن صاحب ہیں۔ ان دونوں رہبرانِ کلیسیا نے عیسائیت کے سابقہ اصول کے خلاف علمِ بغاوت اسی وقت بلند کیا۔ جبکہ صراطِ قدیم سے ذرہ بھر لغزش بھی سخت سزا کی مستحق سمجھی جاتی تھی۔ اور ایسے مجرم کو معاً معاشرتی حقوق سے محروم کر دیا جاتا۔ مگر ان دو مدبرانِ یورپ نے ان تکالیف اور مصائب کی پروا نہ کرتے ہُوئے سچائی کا اظہار کیا۔ اور اس طرح انہوں نے امریکہ و یورپ کے دوسرے لوگوں نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے راستہ صاف کر دیا۔ جن کے ہاتھوں عیسائیت کی موت مقدر تھی:

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام ابھی اوائل عمر میں ہی تھے۔ جب کلیسیائی دُنیا میں ان مسیحی عقائد کے خلاف جو گزشتہ دو ہزار برس سے عیسائیت کی بنیاد تھے سخت ہنگامہ خیز بغاوت شروع ہو گئی۔ اور اس طرح حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مقاصد (یعنی مسیح ناصری کے غلطی خوردہ پیرؤوں کو راہ راست پر لانا) کے حصول میں آسانیاں پیدا ہو گئیں: مترجم نور دین بی اے:

مولوی احمد علی کی قادیان میں

بے سر و پا اور اشتعال انگیز تقریر

قادیان ۷ فروری۔ آج ۱۲ بجے کی ٹرین سے احرار ایک شخص مولوی احمد علی کو لاہور سے لائے۔ جس نے مسجد ارائیاں میں تقریر کی۔ دوران تقریر میں حاضرین کو مخاطب کرتے ہُوئے جن کی تعداد بہت تھوڑی تھی بار بار مولوی مذکور کہتا۔ یہ بات یوں ہے۔ یا نہیں لیکن حاضرین کی جہالت کا یہ عالم تھا۔ کہ جہاں مولوی مذکور ان کی زبان سے "ہاں" نکلوانا چاہتا۔ وہاں بسا اوقات "نہیں" کہہ بیٹھتے اور جہاں "نہیں" کہلوانا چاہتا۔ وہاں "ہاں" کہہ دیتے۔ مولوی مذکور نے ختم نبوت کے متعلق نہایت بودے دلائل دیئے۔ مثلاً اس نے کہا جس طرح بکری کے بڑھنے کی ایک حد ہے۔ اور وہ بڑھتے بڑھتے گائے نہیں بن سکتی۔ اسی طرح نبوت کی بھی حد ہے۔ جو حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر ختم ہو گئی۔ آخری عہدہ بہت اعلےٰ ہُوا کرتا ہے اور نبوت کا آخری عہدہ رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو ملا اسی لئے آپ سب سے بڑے نبی ہیں۔ اسی سلسلہ میں مولوی مذکور نے اپنے عقائد بیان کرتے ہوئے کہا۔ ہمارا عقیدہ ہے۔ کہ خدا کے بعد کوئی خدا نہیں۔ رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی رسول نہیں۔ قرآن مجید کے بعد کوئی وحی نہیں۔ اور جس کا یہ عقیدہ ہو خواہ وہ کتنا ہی بدکار اور گنہگار ہو۔ اس کے لئے یہ تینوں باتیں جنت میں جانے کا سرٹیفکیٹ ہیں۔

دوران تقریر میں مولوی مذکور نے سخت غلط بیانی سے کام لیتے ہُوئے لوگوں کو اشتعال دلانے کے لئے کہا۔ کہ مرزا صاحب نے خدائی کا دعوےٰ کیا حالانکہ خدا ایک ہے۔ رسول ہونے کا دعوےٰ کیا۔ حالانکہ رسول کریم

مخالفین احمدیت کی تحریفی حرکات کی چند اور مثالیں

الفضل میں مخالفین احمدیت کی تحریفی حرکات کے متعلق ایک مفصل مضمون شائع ہو چکا ہے۔ بعض مزید حوالہ جات جن سے ان لوگوں کے تحریف کرنے کا مزید ثبوت ملتا ہے درج ذیل کئے جاتے ہیں۔ اس سے حق پسند اصحاب اندازہ کر سکتے ہیں۔ کہ ہمارے مخالف ہمارے دلائل سے عاجز آ کر کس قسم کی حرکات کے مرتکب ہو رہے ہیں۔

(۱)

مشکوٰۃ شریف میں ایک حدیث ہے۔ لو کان بعدی نبیٌ لکان عمرؓ۔ اس سے غیر احمدی جب ختم نبوت کا غلط استدلال کیا کرتے ہیں۔ ہم ان کو یہ جواب دیتے ہیں۔ کہ اس سے آگے ھذا حدیث غریب لکھا ہوا ہے۔ یعنی یہ حدیث غریب ہے۔ اور پھر اس پر جو حاشیہ ہے وہ یہ ہے وقد نقل بو یادۃ حسنٍ فی نسخۃٍ من الترمذی و قد نقلہ ابن الجوزی ایضاً عنہ و رواہ احمد فی مسندہ والحاکم فی صحیحہ عنہ والطبرانی عن عصمت ابن مالکؓ وفی بعض الطرق ھذہ الحدیث لو لم ابعث لبعثت یا عمرؓ۔ یعنی یہ حدیث ایک اور طریق سے بھی بیان ہوئی ہے۔ اور وہ اس طرح کہ اے عمرؓ اگر میں نہ مبعوث ہوتا۔ تو پھر تجھے مبعوث کیا جاتا۔ یہ حاشیہ اس مطلب کی تائید کرتا ہے۔ جو ہم بیان کرتے ہیں۔ اس کے جواب سے عاجز آ کر غیر احمدی مولوی صاحبان نے اس حاشیے کو آج کل کی نئی مشکوٰۃ سے جو سن ۱۹۳۲ء میں دہلی مطبع نور محمد مالک اصح المطابع میں شائع ہوئی ہے نکال دیا ہے۔ اور حاشیے کی جگہ خالی چھوڑ دی ہے۔

(۲)

معراج نبوی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق ہمارا یہ عقیدہ ہے۔ کہ حضور کو معراج جسمانی نہیں۔ بلکہ روحانی ہوا۔ جس کی تائید میں ہم قرآن و حدیث و دیگر کتب وغیرہ سے بہت سے دلائل دیتے ہیں۔ اور بعض مصنفین کے اقوال واشعار بھی پیش کرتے ہیں۔ جو معراج جسمانی کے قائل نہ تھے۔ مثلاً معراج نامہ قادری پنجابی کا ایک شعر یہ ہے۔

چپ محمد حرف نہ کیتا سُتا نال غمی دے
دھانا روح جنابے والوں بت مکان زمیں تے

یعنی آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بے چینی اور اضطراب کی حالت میں خاموش سو گئے۔ اور اسی حالت میں بحالتِ خواب آپ کی روح جناب الٰہی کی بارگاہ میں پہونچی۔ اور جسم زمین پر ہی رہا۔ اب اس شعر کو معراج نامے سے خارج کر دیا گیا ہے۔ تاکہ احمدی اس کو پیش نہ کر سکیں۔

(۳)

حضرت شاہ رفیع الدین کے ترجمہ قرآن مجید میں ماکان محمد ابا احدٍ من رجالکم ولٰکن رسول اللہ وخاتم النبیین کی آیت کے نیچے آپ نے خاتم النبیین کا ترجمہ نبیوں کی مہر کیا ہوا تھا۔ لیکن اسکو کاٹ کر نئے ایڈیشن میں بجائے نبیوں کی مہر کے نبیوں کا ختم کرنے والا کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح اور بہت سے چھوٹے چھوٹے حوالے ہیں۔ جو انہوں نے تبدیل کر دیئے ہیں۔ مثلاً مشکوٰۃ میں باب خاتم النبوۃ میں ایک حدیث پر حاشیہ تھا۔ اور اس میں خاتم النبیین کی بحث تھی۔ جو ہماری تائید کرتی تھی۔ اس کو بالکل اڑا دیا گیا ہے۔ اور پھر لطف یہ ہے کہ الزام ہم پر لگاتے ہیں۔ کہ تم حوالے غلط بناتے ہو۔ احمدی احباب کو ان کے دھوکہ میں نہ آنا چاہیئے۔

خاکسار:۔ محمد صدیق امرتسری "جامعہ"

شہنشاہ معظم جارج پنجم کی وفات

پس جماعت ہائے احمدیہ کے ماتمی جلسے

رنگون

۲۵ر جنوری۔ جماعت احمدیہ رنگون اور جماعتہائے احمدیہ برما کا ایک خاص اجلاس منعقد ہوا جب میں ملک معظم کی وفات پر اظہار رنج و افسوس کے ریزولیوشن پاس کئے گئے۔ اور مندرجہ ذیل تار گورنر صاحب برما کی خدمت میں ارسال کیا:۔

جماعت ہائے احمدیہ برما شہنشاہ معظم جارج پنجم کی وفات حسرت آیات پر انتہائی حزن و ملال کا اظہار کرتی اور یور ایکسی لنسی سے استدعا کرتی ہیں۔ کہ ہماری طرف سے شاہی خاندان کو تعزیت اور ہمدردی کا پیغام پہونچا دیا جائے

شیخ محمد سعیدی۔ اے ایل۔ ایل۔ بی امیر جماعت احمدیہ رنگون

بنگلور

۲۴ جنوری جماعت احمدیہ بنگلور کی طرف سے ریذیڈنٹ صاحب میسور کی خدمت میں ملک معظم جارج پنجم کی وفات پر حسب ذیل پیغام بھیجا گیا۔

جماعت احمدیہ بنگلور ملک معظم شہنشاہ جارج پنجم کی وفات پر انتہائی رنج و افسوس کا اظہار کرتی ہوئی حضور والا سے ملتجی ہے۔ کہ ہماری طرف سے دلی ہمدردی کا پیغام شاہی خاندان تک پہونچا دیا جائے۔

خاکسار غلام قادر سکرٹری انجمن احمدیہ بنگلور

امرتسر

۲۸ جنوری جماعت احمدیہ امرتسر نے ملک معظم شہنشاہ جارج پنجم کی وفات پر حزن و ملال کے اظہار کے لئے ایک جلسہ منعقد کیا۔ جس میں احباب جماعت نے آپکے اوصاف حمیدہ بیان کئے۔ اور تخت برطانیہ سے جذبات وفاداری کا اظہار کیا۔ آخر میں ملک معظم کی وفات پر جذبات رنج و افسوس اور شاہی خاندان کی خدمت میں جذبات ہمدردی کا پیغام پہنچانے کا ریزولیوشن پاس کیا گیا (نامہ نگار)

مونگھیر

۲۴ر جنوری ملک معظم جارج پنجم کے انتقال پر جماعت احمدیہ مونگھیر کی طرف سے ایک تعزیتی تار ہز ایکسلنسی وائسرائے بہادر کی خدمت میں ارسال کیا گیا۔ اور ہز ایکسی لنسی گورنر صاحب صوبہ بہار اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ مونگھیر کی خدمت میں تعزیت کے خطوط بھیجے گئے۔ ہز ایکسی لنسی گورنر صاحب صوبہ بہار کی طرف سے اس کے جواب میں شکریہ اور پیغام ہمدردی کے شاہی خاندان تک پہنچائے جانے کا خط موصول ہوا۔

خاکسار خلیل احمد امیر جماعت احمدیہ مونگھیر

مہگاؤں

۲۸ر جنوری جماعت احمدیہ مہگاؤں سی۔ پی نے ملک معظم جارج پنجم کی وفات پر ماتمی جلسہ کیا۔ ملک معظم آنجہانی کے اوصاف حمیدہ پر تقریریں کی گئیں اور ایسا کے اس نقصان عظیم پر انتہائی رنج کا اظہار کرتے ہوئے شاہی خاندان سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا گیا۔

خاکسار محمد الدین مہگاؤں

نوشہرہ

۲۸ جنوری کی جماعت احمدیہ نوشہرہ نے ایک اجلاس منعقد کر کے ملک معظم جارج پنجم کی وفات پر دلی رنج و افسوس اور شاہی خاندان سے ہمدردی اور تعزیت کا ریزولیشن پاس کیا۔

خاکسار غلام حیدر بی۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی امیر جماعت احمدیہ نوشہرہ

گونڈہ شہر

۲۸ جنوری ممبران جماعت احمدیہ کے ایک جلسہ میں ملک معظم جارج پنجم کی وفات پر انتہائی جذبات رنج والم کا اظہار کیا گیا۔ اور ہز میجسٹی شہنشاہ ایڈورڈ ہشتم کی درازی عمر اور آپ کے عہد حکومت کی سرسبزی و شادابی کے لئے دعا کی گئی۔

خاکسار عبدالرزاق گونڈہ

نوماہی بجٹ چندہ عام و حصہ آمد پورا کرنیوالی جماعتیں

ذیل میں ان جماعتوں کی فہرست درج کی جاتی ہے۔ جنہوں نے اپنا نوماہی بجٹ پورا کیا یا اس سے زائد ادا کر دیا ہے۔ اور جن کے نام حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے حضور پیش ہو چکے ہیں۔ جزاہم اللہ احسن الجزاء۔

نمبر شمار	نام جماعت	بجٹ نوماہی	نوماہی وصولی چندہ
	حلقہ گورداسپور		
۱	بٹالہ	۱۸۳	۳۴۴
۲	وڈالہ بانگر	۷۵	۷۵
۳	قلعہ لال سنگھ	۲۴	۳۱
۴	لودی ننگل	۶۲	۸۳
۵	فیض اللہ چک	۱۲۸	۱۲۸
۶	دہرم کوٹ رندھاوا	۴۵	۶۰
۷	علی وال جٹاں ننگروال	۱۴	۲۳
۸	رحیم آباد	۶۱	۶۳
	حلقہ سیالکوٹ		
۹	اور لہجا گوٹی	۲۳۳	۲۳۳
۱۰	پسرور نوشہرہ	۹۰	۹۰
۱۱	بو بک مرالی	۸	۱۱
۱۲	چیندر کے منگولے	۱۳۸	۱۴۸
	حلقہ امرتسر		
۱۳	دوجووال گلانوالی	۴۶	۴۹
۱۴	بابا بکالہ	۲۱	۲۲
	حلقہ لاہور		
۱۵	گنج ۔ لاہور	۶۸۰	۶۹۷
۱۶	چھاؤنی لاہور	۷۰۰	۱۰۲۱
	حلقہ شیخوپورہ		
۱۷	مریدکے	۲۴	۳۸
	حلقہ گوجرانوالہ		
۱۸	پیرکوٹ	۱۲۲	۱۲۲
	حلقہ لائلپور		
۱۹	چک ۶۴۸	۳۰	۵۷
	حلقہ سرگودہا		
۲۰	مجوکہ	۱۴۵	۱۴۵
۲۱	چک ۹۹	۹۳	۲۱۴
۲۲	گھوگھیاٹ	۹۹	۱۰۷
۲۳	چک رادواسیل	۵۵	۵۷
	حلقہ گجرات		
۲۴	بھوپتیاں	۷	۹
۲۵	کریانوالہ	۱۵۶	۱۶۷
۲۶	ڈنگہ	۴۸	۷۰
۲۷	بھیلہ	۲۳	۲۹
۲۸	جوڑہ کرنانہ	۶۸	۶۸
	حلقہ جہلم		
۲۹	کلر کہار	۲۸	۳۲
	حلقہ کیمبل پور		
۳۰	کرمنہ فتح خان	۱۸۶	۴۸۲
	حلقہ ڈیرہ غازیخان		
۳۱	بستی رنداں	۱۱۷	۱۷۳
۳۲	لجنہ اماء اللہ کوٹ قیصرانی	۶۳	۶۳
	صوبہ سرحد		
۳۳	پشاور	۱۹۰۰	۲۴۲۸
۳۴	مالاکنڈ	۸۶۵	۹۱۴
۳۵	پاڑہ چنار	۲۷	۳۰
۳۶	بنوں	۹۱۴	۹۱۴
	حلقہ ملتان		
۳۷	چاہ احمد یانوالہ	۲۷	۳۸
۳۸	چک ۹۹ ن	۱۴۹	۱۶۴
	حلقہ منٹگمری		
۳۹	چک [illegible]	۳۳۰	۴۹۷
۴۰	دیپالپور	۶۷	۷۶
	حلقہ جالندھر		
۴۱	گہلن	۶۲	۷۱
	حلقہ لدھیانہ		
۴۲	جھمٹ	۷۵	۷۹
	حلقہ ریاست ہائے پٹیالہ وغیرہ		
۴۳	سرہند	۶۲	۷۵
۴۴	برنالہ ریاست	۲۴	۷۵
	حلقہ انبالہ		
۴۵	انبالہ	۹۰۴	۹۱۷
	حلقہ دہلی و شملہ		
۴۶	دہلی	۱۴۷۰	۲۰۵۷
۴۷	ہانسی	۲۸	۵۳
	حلقہ کشمیر		
۴۸	شظفر آباد	۱۵	۱۹
	حلقہ سندھ		
۴۹	سکھر	۱۰۲	۲۷۲
۵۰	کراچی	۱۱۷۶	۱۴۳۸
۵۱	احمد آباد سٹیٹ	۱۶۶	۲۶۲
۵۲	کوٹ احمدی	۱۱۷	۲۱۳
	حلقہ یوپی		
۵۳	منصوری	۴۷۱	۵۱۶
۵۴	شاہجہانپور	۳۱۲	۳۱۲
۵۵	فیض آباد	۱۹۲	۲۲۸
۵۶	الہ آباد	۲۰۷	۲۲۴
	حلقہ بہار و اڑیسہ		
۵۷	رانچی	۹۰	۹۰
۵۸	سری پارو بدن پدا	۱۵	۲۲
	حلقہ بمبئی		
۵۹	بمبئی	۲۷۱	۳۶۸
	حلقہ حیدر آباد دکن		
۶۰	سکندر آباد	۲۱۱۸	۲۱۵۱
۶۱	نندید	۱۵۰	۲۶۲
	حلقہ میسور		
۶۲	شیموگہ	۳۴۰	۳۴۶
	حلقہ مدراس ۔ مالابار و سیلون		
۶۳	کولمبو	۶۰	۸۲
	ممالک بیرون ہند		
۶۴	زاہدان	۲۶۵	۳۸۴
۶۵	زنجبار	۵۴۰	۷۲۸
۶۶	(آسٹریلیا دبروم)	۶۰	۸۸

نوٹ۔ ان جماعتوں کی فہرست جنہوں نے اپنے نوماہی بجٹ کا ۷۵ فی صدی یا اس سے زائد مگر سو فی صدی سے کم ادا کر دیا ہے۔ انشاء اللہ آئندہ شائع کی جائے گی۔

ناظر بیت المال

چندہ تحریک جدید کی جلد ادائیگی کے متعلق حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ کا قابل تقلید طریق عمل

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز نے تحریک جدید سال دوم کے لئے -/۱۰۳۴ روپیہ کا وعدہ جو گذشتہ سال کے ادا کردہ وعدہ -/۷۲۰ سے ڈیوڑھا تھا دسمبر ۳۵ء کے پہلے ہفتہ میں خزانہ تحریک جدید میں فوری طور پر داخل فرما دیا تھا۔ جزاہم اللہ احسن الجزاء

حقیقت یہ ہے۔ کہ چندہ تحریک جدید ایک ہنگامی اور فوری چندہ ہے۔ اور ظاہر ہے۔ کہ جو ہنگامی چندے کسی خاص ضرورت کے ماتحت کئے جائیں۔ ان کا فوری ادا ہو جانا ضروری ہوتا ہے تا جس غرض اور ضرورت کے ماتحت کئے گئے ہوں۔ اس کام میں روپیہ نہ ہونے کی وجہ سے سلسلہ کو نقصان نہ ہو۔ پس اس وجہ سے حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنا وعدہ فوری طور پر ادا فرماتے ہوئے احباب کرام کیلئے اسوہ قائم فرمایا ہے۔ اس لئے جن احباب کے پاس روپیہ ہو۔ یا جو احباب قرض وغیرہ کا انتظام کر سکتے ہوں۔ انہیں چاہیئے۔ کہ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی اتباع میں جلد سے جلد اپنا چندہ ادا کر کے ثواب حاصل کریں۔ ہاں ان مخلص احباب کے لئے جن کے پاس روپیہ نہ ہو۔ یا جو فوری انتظام اپنی مالی حالت کے لحاظ سے نہ کر سکتے ہوں۔ اس تبلیغی جنگ میں شامل ہونے کے لئے اجازت ہے۔ کہ وہ ایک سال کے اندر ادا فرما دیں۔ لیکن بعض احباب ایسے ہیں۔ جو باوجود روپیہ ہونے یا انتظام کر سکنے کے اپنے وعدہ کی رقم اس لئے جلدی ادا نہیں کرتے۔ کہ ایک سال کے اندر داخل کرنے کی اجازت ہے۔ لیکن ایسے احباب کو یاد رہے کہ وہ اپنے ثواب کو جب تک ادا نہ کریں گے پیچھے ڈال رہے ہیں۔ حالانکہ ایک دن کا ثواب بھی ایسی معمولی چیز نہیں کہ اسے چھوڑا جا سکے۔ پس چونکہ چندہ تحریک جدید ہنگامی اور فوری چندہ ہے۔ اور حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز نے اپنا چندہ تحریک جدید فوری ادا فرما دیا ہے۔ اس لئے احباب کو حتی الوسع جلد سے جلد ادا کر کے سابق بالخیرات بننا چاہیئے۔ جو احباب فوری ادائیگی سے مجبور رہوں۔ لیکن مجبوری بھی وہی ہے۔ جو خدا کے ہاں مجبوری ہو وہ مجبوری نہیں۔ جو انسان خود اپنے لئے قرار دے لے۔ ان کو سال کے اندر ادا کرنا چاہیئے لیکن انہیں بھی چاہیئے۔ کہ وہ دفتر کو بتا دیں۔ کہ کس ماہ چندہ ادا کریں گے۔ تا ان کا وقت نوٹ کر لیا جائے۔ اور اگر ضرورت ہو۔ تو ان کو یاد دلایا جا سکے۔

فنانشل سکرٹری تحریک جدید۔ قادیان

بک ڈپو تالیف و اشاعت قادیان کی
نئے سال کے نئے تحفے
کتابوں کی قیمتوں میں نمایاں کمی

احباب جماعت کی علمی۔ مذہبی اور روحانی معلومات میں اضافہ کرنیکے لئے گزشتہ سالوں کی طرح اسدفعہ بھی بکڈپو نے کئی ہزار روپیہ صرف کرکے مندرجہ ذیل کتب شائع کی ہیں۔ اور انکی قیمتوں میں بھی اتنی کمی کردی ہے۔ کہ خود دوست بھی حیران ہونگے اور یہی وجہ ہے۔ کہ اس دفعہ جلسہ سالانہ پر سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ نے بھی بکڈپو کی نئی مطبوعات میں سے بعض کے خریدنے۔ پڑھنے اور انہیں غیر احمدیوں اور غیر مسلموں میں تقسیم کرنیکی پُرزور سفارش فرمائی تھی۔

تذکرہ

یعنی مجموعہ الہامات کشوف و رؤیا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

یہ وہ معرکۃ الآراء تالیف ہے جس کے متعلق جلسہ سالانہ سے قبل حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب کی طرف سے متعدد بار اعلان الفضل میں شائع ہوچکا ہے۔ اور جلسہ سالانہ پر حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے ہر احمدی کو تاکیداً فرمایا تھا۔ کہ وہ اسے خریدے اور بلاناغہ پڑھے۔ اور یہی وجہ ہے۔ کہ دوستوں نے اسے ہاتھوں ہاتھ خرید لیا۔ اب صرف پچاس نسخے باقی ہیں۔ وہی دوست اس نعمت غیر مترقبہ کو حاصل کر سکیں گے۔ جو جلد سے جلد اپنی درخواستیں بھیجدینگے۔ تقطیع بڑی۔ کاغذ۔ لکھائی چھپائی عمدہ۔ حجم ۸۰۰ صفحہ۔ سارے کپڑے کی جلد اور قیمت صرف اڑھائی روپیہ ؂

احمدیت یعنی حقیقی اسلام

یہ حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالےٰ کی وہ بیش بہا تصنیف ہے۔ جو حضور نے اسلام کی حقانیت اور احمدیت کی صداقت پر لکھی تھی۔ پہلے اس کی گراں قیمت تھی۔ مگر اب عام اشاعت کی خاطر قسم اول کی قیمت ۱۱ر مجلد عہ۱ر اور قسم دوم کی ۹ر اور مجلد ۱۰ر کردی ہے۔

جلسہ سالانہ پر حضرت صاحب نے بھی اس کی اشاعت کیلئے دوستوں کو خاص طور پر تاکید فرمائی تھی۔ امید ہے۔ کہ احباب جماعت اس نہایت ہی مفید ضروری اور بیش قیمت تصنیف کو خرید کر اپنوں اور پرایوں میں تقسیم کریں گے ؂

دعوت الامیر

یہ بھی حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کی مشہور تصنیف ہے۔ جس میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دعوے اور اس کی صداقت پر بہترین دلائل رقم فرمائے ہیں۔ اس کی بھی پہلے گراں قیمت تھی۔ مگر اب عام اشاعت کیلحاظ قسم اول کی قیمت ۱۱ر اور مجلد قسم اول کی ۱۵ر قسم دوم ۹ر اور مجلد قسم دوم کی ۱۰ر کردی ہے۔ حضرت صاحب نے جلسہ سالانہ پر اس کے لئے بھی تاکید فرمایا تھا۔ کہ وہ اس کو غیر احمدیوں میں کثرت سے تقسیم کریں ؂

سیرت خاتم النبیین حصہ اوّل

مصنفہ حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب ایم۔ اے

